Karachi Metropolitan Corporation
e.mail: kmc.information.dptt@gmail.com
Phone:99216333 Fax:99215040

# بلدیہ عظمیٰ کراچی

پریس ریلیز

Ref No.KMC/INF/087/2022
Date: 20-03-2022

کراچی( ) ایڈمنسٹریٹر کراچی، مشیر قانون اور ترجمان حکومت سندھ بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے اتوار کے روز سیفی روڈ کے تعمیراتی کاموں کا دورہ کیا اور پونے تین کلومیٹر سڑک کی تعمیر کو فوری مکمل کرنے کی ہدایت کی، انہوں نے کہا کہ تعمیراتی کام کو معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ یہ سڑک دوبارہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار نہ ہو، سیفی روڈ اور مولانا یوسف لدھیانوی روڈ کی ایک لاکھ اسکوائر فٹ سے زائد استرکاری کی جائے گی، سیفی روڈ کے خراب ہونے کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا تھا، انہوں نے کہا کہ سپر ہائی وے سے گلشن اقبال آنے کے لئے اس سڑک کو مرکزی حیثیت حاصل ہے، محکمہ انجینئرنگ کے افسران نے ایڈمنسٹریٹر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کو سڑک کی تعمیر سے متعلق بریفنگ بھی دی۔

---